
# پی آئی اے کی نجکاری سے متعلق آگاہی

**صرف 29٪ پاکستانی پی آئی اے کے شیئرز کی فروخت کے حوالے سے آگاہ نظر آئے؛اس حوالے سے آگاہی شہری علاقوں 38٪ اور ایف اے یا اس سے زیادہ تعلیم یافتہ افراد 57٪ میں زیادہ پائی گئی۔**

حال ہی میں قومی ایئر لائن پی آئی اے کے 75%شیئرز کو فروخت کر دیا گیا ہے۔ کیا آپ نے اس بارے میں پڑھا / سنا ہے؟




*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk www.gilanifoundation.com)*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

**عوامی آگاہی**

معیشت اور حکمرانی

## پی آئی اے کی نجکاری سے متعلق آگاہی

## صرف 29% پاکستانی پی آئی اے کے شیئرز کی فروخت کے حوالے سے آگاہ نظر آئے؛اس حوالے سے آگاہی شہری علاقوں (38%) اور ایف اے یا اس سے زیادہ تعلیم یافتہ افراد (57%) میں زیادہ پائی گئی۔

**(گیلپ اینڈ گیلانی سروے)**


(اسلام آباد، 14 مئی 2026)

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، صرف 29% پاکستانیوں نے بتایا کہ انھوں نے حال ہی میں پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز (پی آئی اے) کے 75% شیئرز فروخت ہونے کے بارے میں سنا یا پڑھا ہے، جبکہ ایک بڑی اکثریت (69%) کے مطابق وہ اس سے آگاہ نہیں ہیں۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ "**حال ہی قومی ایئرلائن پی آئی اے کے 75% شیئرز کو فروخت کر دیا گیا ہے۔ کیا آپ نے اس بارے میں پڑھا/سنا ہے؟**"۔اس سوال کے جواب میں، 29% جوابدہندگان کے مطابق انہوں نے اس پیش رفت کے بارے میں سنا یا پڑھا ہے، جبکہ 69% جوابدہندگان کے مطابق انہوں نے اس کے بارے میں کچھ پڑھا یا سنا نہیں ہے۔ دیگر 2% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا یعنی معلوم نہیں یا کوئی جواب نہیں دیا۔

یہ نتائج ظاہر کرتے ہیں کہ ایک اہم قومی معاشی پیش رفت کے حوالے سے عوامی آگاہی محدود ہے، کیونکہ ہر تین میں دو سے زائد پاکستانی اس خبر سے لاعلم ہیں۔


**"حال ہی میں قومی ایئرلائن پی آئی اے کے 75% شیئرز کو فروخت کر دیا گیا ہے۔ کیا آپ نے اس بارے میں پڑھا/سنا ہے؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 780 خواتین اور مرد حضرات سے 15 جنوری 2026 تا 3 فروری 2026 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینہ شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔


**دیہی۔شہری علاقوں کے اعتبار سے نتائج:** دیہی علاقوں کے افراد کی نسبت (25%)، شہری علاقوں کے افراد میں پی آئی اے کے شیئرز کی فروخت کے حوالے سے آگاہی نمایاں طور پر زیادہ (38%) پائی گئی، جو اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ شہری علاقوں کے افراد قومی معاشی پیش رفت سے نسبتاً زیادہ آگاہ یا اس سے زیادہ جڑے ہوئے ہیں۔ تاہم، اس فرق کے باوجود دونوں علاقوں کی اکثریت اس معاملے سے لاعلم رہی۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**تعلیم کے اعتبار سے نتائج:** تعلیم کے اعتبار سے نتائج میں اس حوالے سے واضح فرق دیکھنے میں آتا ہے۔ ایف اے اور اس سے زیادہ تعلیم یافتہ افراد کی 57% شرح نے پی آئی اے کے شیئرز کی فروخت سے آگاہی ظاہر کی، جبکہ ایف اے سے کم تعلیم یافتہ افراد میں یہ شرح صرف 24% رہی۔

یہ نمایاں فرق اس بات کو اجاگر کرتا ہے کہ تعلیم معلومات تک رسائی، پالیسی سے متعلق پیش رفت سے آگاہی، اور معاشی خبروں میں دلچسپی و شمولیت کے فروغ میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

مجموعی طور پر نتائج سے ظاہر ہوتا ہے کہ پاکستان میں پی آئی اے کے شیئرز کی فروخت سے متعلق آگاہی اب بھی کم ہے، جبکہ تعلیم اور رہائشی علاقے کے لحاظ سے اس میں نمایاں فرق پایا جاتا ہے۔ ایک اہم قومی معاشی پیش رفت ہونے کے باوجود نتائج اس بات کی نشاندہی کرتے ہیں کہ معلومات کی رسائی اب بھی غیر مساوی ہے، خاص طور پر دیہی اور کم تعلیم یافتہ آبادی میں۔

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Thursday, 14 May 2026**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* ***Gallup Pakistan*** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook: https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll
2026

celebrating 46 years of Gallup Pakistan
(1980-2026)